بسم اللہ الرحمن الرحیم
رسائل نعیمیہ
حضرت حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ
کے آٹھ مختلف رسائل اور چھوٹی کتب کا مجموعہ
ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ
لاہور

حضرت حکیمُ الامت مُفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کے آٹھ مختلف رسائل اور چھوٹی کتب کا مجموعہ

صاحبزادہ اقتدار احمد خاں نعیمی قادری بدایونی مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

فہرستِ رسائل

پھر رب کا نام حامد۔ حضور کا نام محمد محبوب کا نام شریف احمد رب کا نام پاک محمود یعنی رب ان کا حامد وہ رب کے۔

س۔ عیسیٰ علیہ السلام چوتھے آسمان پر ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرش پر جلوہ افروز۔ ثابت ہوا کہ زیادہ قرب الٰہی عیسیٰ علیہ السلام کو حاصل ہے۔

ج۔ صرف اوپر نیچے ہونے پر افضلیت کا مدار نہیں۔ موتی سمندر میں نیچے رہتا ہے اور حباب اوپر۔ اشرف المخلوقات انسان زمین پر رہتا ہے اور چاند تارے سورج آسمان پر۔ آسمان زمین پر ہوتا ہے چڑیاں اونچے درختوں پر۔ عیسیٰ علیہ السلام کا چوتھے آسمان پر جانا دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لئے ہے اور معراج میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عرش پر جانا مہمانی کے طور پر بہ معراج طور اور چہارم آسمان سب سے افضل ہے۔ حضور کے معجزات بے شمار اور قرب الٰہی بے حد ہے۔

س۔ جب عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں آئیں گے تو نبی ہوں گے یا نہیں۔ اگر نبی ہوں گے تو حضور خاتم النّبیین نہ رہے اور اگر نبوّت سے معزول ہو کر آئیں گے تو یہ ان کی شان کے خلاف ہے رب کسی کو نبوّت سے معزول نہیں کرتا۔

ج۔ نبی کا تعلق رب تعالیٰ سے فیض حاصل کرنے کا یہ نبوت کا بطن ہے اور خلق سے تعلق ہے فیض دینے کا مطلب یہ ہے نبوت کا ظہور۔ پہلا وصف نسخ کے قابل نہیں اور دوسرا وصف قابل نسخ ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام نزول کے وقت قرب الٰہی اور درجہ کے لحاظ سے نبی ہوں گے۔ مگر ظہور کی حیثیت سے مسلمانوں کے ولی ہوں گے۔ موسیٰ علیہ السلام جب خضر علیہ السلام سے ملنے گئے تو نبی ہی تھے۔ مگر وہاں اپنے احکام جاری نہ فرما سکے۔ شب معراج میں سارے نبی حضور کے پیچھے نماز میں موجود تھے۔ مگر اجرا احکام کے لئے نہیں۔ ایک کچہری کا جج دوسرے شہر کی عدالت میں گواہ بن کر پیش ہو تو وہ اپنی جگہ جج ہے مگر یہاں اس وقت گواہ کی حیثیت ہے۔ خاتم النبیّین کے معنی یہ ہیں کہ آپ کے بعد کسی کو نبوت نہ ملے عیسیٰ علیہ السلام پہلے کے نبی ہیں آخری بیٹا وہ جس کے بعد کوئی بیٹا پیدا ہو